Ουρντού

اُردو

یونان میں بین الاقو امی تحفظ کے درخواست گزاروں کے لیے بنیادی معلومات

بین الاقوامی تحفظ کا درخواست گزار وہ غیر ملکی یا بغیر شہریت کے شخص ہے جو کسی بھی یونانی با اختیار محکمے میں زبانی یا تحریری پناہ کی التجا کرتا ہے کہ اسے ملک بدر نہ کیا جائے کیونکہ اسے اپنے قبیلے ، مذہب ، شہریت ، کسی مخصوص سماجی گروہ میں شمولیت یا اپنے سیاسی نظریات کی وجہ سےظلم و ستم کا ڈر ہے یا اس کے آبائی ملک یا اس سے پہلے رہنے والے ملک میں شدید نقصان کا خطرہ ہے، بالخصوص سزائے موت ، پھانسی ،تشدد کے ساتھ غیر انسانی توہین آمیز رویے کا خطرہ ہے یا پھر بین الاقو امی تصادم یا خانہ جنگی کی وجہ سے اس کی جان اور سالمیت کو خطرہ ہے ۔

بین الاقو امی تحفظ کا درخواست گزار اس غیرملکی کو بھی سمجھا جاتا ہے جو یونان میں کسی ایسے ملک سے بھیجا گیا ہو جہاں " ڈُبلن "[1] قانون کا اطلاق ہوتا ہے۔

بین الاقو امی تحفظ کی درخواست: کہاں اور کیسےجمع کرائی ہے

- اپنی درخواست جمع کرانے کے مجاز محکمے پناہ کےعلاقائی دفاتر اور پناہ کے علاقائی دفاتر کے (ذیلی ادارے) یونٹ ہیں ۔

> **احتیاط**
>
> آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ پناہ کا ادارہ آپ کی درخواست لینے کا مجاز نہیں ہے : (ا) اگر آپ پہلے سے ہی پولیس میں بین الاقو امی تحفظ کی درخواست کر چکے ہیں، جو کہ زیر غور ہے،(ب) اگر آپ غیرملکیوں کے ادارے (آلوداپون) کے مخصوص درخواست گزار کے کارڈ(گلابی کارڈ) کے حامل ہیں۔
>
> اس کے علاوہ ، آپ کو یہ بھی اطلاع دی جاتی ہے کہ ہر صورت میں آپ کی انگلیوں کے نشان لیے جائیں گے تاکہ پناہ کا ادارہ پتہ لگا سکے، اگر آپ نے پہلے ہی بین الاقو امی تحفظ کی درخواست کی ہوئی ہے اور اس طرح فوری طور پر آپ کی متعلقہ درخواست کے زیر غور ہونے کی تصدیق ہو جائے گی۔

- اگر آپ زیر حراست ہیں یا استقبالیہ اور شناختی مرکز میں رہتے ہیں تو حراست یا استقبال کے مجاز ادارے پناہ کے ادارہ کوآپ کی بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست کرنے کی خواہش کی اطلاع دیں گے۔
- بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست زبانی یا تحریری آپ کو خود کرنی ہو گی ، ۔ اگر آپ کےخاندان کے اراکین آپ کے ساتھ یونان میں ہیں اور اگر وہ چاہیں تو آپ ان کی درخواست بھی جمع کرا سکتے ہیں ۔انہیں بھی آپ کے ساتھ پناہ کے ادارہ میں آنا پڑے گا۔
- درخواست کرتے وقت پناہ کے ادارہ کے ملازم کے ساتھ اگر آپ بات چیت نہیں کر سکتے تو آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ آپ کی مدد کے لیے ترجمان موجود ہو گا ۔
- آپ کو درخواست کرتے وقت ملازم کے ہر سوال کا مکمل دیا نت داری سے جواب دینا ہو گا۔ اگر آپ نے جھوٹے ثبوت یا حوالا جات دئیے تو اس کا آپ کی درخواست کے فیصلے پر منفی اثر پڑ ے گا۔
- اگر آپ سرپرست کے بغیر تنہا نابالغ ہیں، یعنی کہ آپ کی عمر18سال سے کم ہے اور

---

[1] قانون" ڈُبلن3"کے اطلاق والے ممالک : آسٹریا، بیلجیم ، بلغاریہ، فرانس، جرمنی، ڈنمارک، سویٹزرلینڈ ، استونیا، سلطنت متحدہ (برطانیہ)، آئرلینڈ ، آئس لینڈ، اسپین ، اٹلی، قبرص، لٹویا، لتھووینیا، لکٹنسٹائن ، لکسمبرگ ، مالٹا ، ناروے ،ہالینڈ، ہنگری ،پولینڈ ، پرتگال، روما نیہ ، سلوواکیہ ، سلووینیا، سویڈن ، چیک جمہوریہ، فن لینڈ۔

آپ کی دیکھ بھال کے لیے کوئی ذمہ دار بالغ آپ کے ساتھ نہیں ہے ، تو یونانی قانون اور عمل کے مطابق حکام پر لازم ہے کہ فوراً مجاز مجسٹریٹ کو اطلاع دیں۔ مجسٹریٹ آپ کے لیے ایک نمائندہ (سرپرست) مقرر کرے گا جس پر آپ کی ذمہ داری ہو گی اور وہ آپ کے مفاد ات کا دفاع کرے گا ۔اگر آپ کی عمر 15 سال سے کم ہے تو بین الاقوامی تحفظ کی درخواست آپ کےلئے مقرر کردہ سرپرست کرائے گا۔ اگر آپ کی عمر 15 سال سے زیادہ ہے تو آپ خود بھی اپنی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔حکام آپ کے تحفظ اور مہمان نوازی کا انتظام نا بالغوں کے لیے مناسب ماحول میں کریں گے۔

- جب آپ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کریں گے تو آپ کی اور آپ کے گھر والوں میں سے 14 سال سے زائد عمر کے اراکین کی تصاویر اور انگلیوں کے نشانات لیے جائیں گے۔۔ انگلیوں کے نشانات یورپ کے مرکزی ریکارڈ EURODAC میں شامل کر دئیے جائیں گے، اور یورپ میں "ڈبلن3" قانون کو لاگو کرنے والے ملک میں بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کرنے کی صورت میں آپ کو وہاں منتقل کر دیا جائے گا تاکہ آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال ہو سکے۔
- آپ کو اپنی سفر ی دستاویزات (پاسپورٹ) یا آپ کے پاس دیگر جو بھی دستاویز ہے جس کا تعلق آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال، آپ کی اور آپ کے گھر والوں کی شناخت کی تصدیق ، آپ کےاصل ملک اور ابتدائی مقام ، اور آپ کی ازدواجی حیثیت سے ہے، جمع کرانا ہو گی۔
- ہو سکتا ہے آپ کی جسمانی تلاشی لی جائے یا آپ کی چیزوں کی تلاشی لی جائے ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کا طبی معائنہ ہو۔
- پناہ کا ادارہ آپ کے انٹرویو کی تاریخ مقرر کرے گا اور آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کا کارڈ وصول کریں گے جس کی مدت 6 ماہ تک بھی ہو سکتی ہے۔ یہ کارڈ ہمیشہ آپ کے پاس ضرور ہونا چاہیے۔
- جب آپ درخواست کریں تو مجاز حکام کا فرض ہے کہ وہ آپ کی سمجھ میں آنے والی زبان میں کاروائی ، بطور بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار آپ کے حقوق ،فرائض ، اور کاروائی کے دوران لاگو ہو نے والی مہلتوں کے بارے میں آپ کو مطلع کریں ۔
- اگر آپ تشدد، عصمت دری یا دیگر سنگین تشدد کی کارروائیوں کے شکار ہیں تو حکام کو اس کے متعلق ضرور مطلع کریں تاکہ وہ آپ کی مدد کر سکیں۔
- آپ اقوام متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین ((UNHCR سے یا کسی اور تنظیم سے رابطہ کرنے کیلئے کہہ سکتے ہیں جو آپ کو قانونی، طبی اور نفسیاتی معاونت فراہم کرتی ہے ۔
- کاروائی کے دوران آپ کو اپنی پسند کے وکیل یا کسی مشیر سے مدد لینے کا اختیار ہے(پناہ کے ادارہ کی ثالثی کے بغیر)۔ وکیل یا کسی مشیر کی فیس اور اخراجات آپ کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔
- اگر آپ چاہیں تو آپ کو مختصر وقت دیا جا سکتا ہے تا کہ آپ انٹرویو کے لیے مناسب تیاری کر سکیں اور کسی وکیل یا مشیر کی رائے لے سکیں جو آپ کو کاروائی میں مدد کر سکتا ہے ۔
- ہر صورت میں آپ گزارش کر سکتے ہیں کے آپ کا انٹرویو اور ترجمہ آپ کی مرضی کی جنس کے ملازم سے ہو، اگر اس کی انتہائی ضرورت ہے۔ ادارہ آپ کی متعلقہ درخواست پر غور کرے گا اورممکن ہونے کی صورت میں تعمیل کرے گا۔

- اگر آپ بغیر سرپرست کے تنہا نابالغ ہیں تو آپ کا نمائندہ آپ کو آپ کے انٹرویو کی اطلاع دے گا۔ آپ کے نمائندے کو بھی بلایا جائے گا اور انٹرویو میں وہ بھی آپ کے ساتھ ہو سکتا ہے ۔آپ کی عمر کا تعین کرنے کے لیے حکام آپ کاطبی معائنہ بھی کر سکتے ہیں۔ اس کاروائی کے بارے میں آپ کو اور آپ کے نمائندے کو اطلاع دی جائے گی اور آپ کا یا آپ کے نمائندے کا متفق ہونا ضروری ہے۔

استعفی اور بین الاقوامی تحفظ کی درخواست واپس لینا

- جب آپ چاہیں آپ اپنی درخواست سے استعفی دے سکتے ہیں۔ آپ کو خود پناہ کے علاقائی دفتر میں آ کر اپنی درخواست سے تحریری استعفی دینا پڑے گا۔ اگر آپ نے اپنی درخواست سے استعفی دے دیا تو ادارہ آپ کی درخواست پر غور نہیں کرے گا اور اگر آپ کسی اور رہائشی اجازت نامہ کے حامل نہیں ہیں تو آپ کو ملک چھوڑنا پڑے گا۔
- پناہ کا ادارہ یہ تصور کر سکتا ہے کہ آپ اپنی درخواست کی جانچ پڑتال جاری رکھنے میں دلچسپی نہیں رکھتے (درخواست کی خاموش واپسی) اور آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال روک دے گا:

أ) اگر آپ اپنی درخواست کے متعلق حکام کی طرف سے مانگی جانے والی ضروری معلومات دینے سے انکارکر دیتے ہیں،یا
ب) اگر آپ انٹرویو کے لیے نہیں جاتے ،یا
ت) اگر آپ حراست کی جگہ سے بھاگ جاتے ہیں،یا
ث) اگر آپ حراست کے بدلے پولیس ک طرف سے عائد کیے جانے والے فرائض کی پاسداری نہیں کرتے،یا
ج) اگر آپ حکام کی طرف سے اپنے لئے مقرر کردہ رہائش ان کو بتائے بغیر چھوڑدیتے ہیں ،یا
ح) اگر آپ پناہ کے ادارہ سے اجازت لیے بغیر ملک سے چلے جاتے ہیں،یا
خ) اگر آپ اپنے پتے اور رابطے کے کوائف کی تبدیلی کے بارے میں پناہ کے ادارہ کو فوراً اطلاع نہیں کرتے ،یا
د) اگر آپ سے کہا جائے اور آپ پناہ کے ادارہ سے رابطہ نہیں کرتے ،یا
ذ) اگر آپ اپنے کارڈ کی میعادختم ہونے کے بعد زیادہ سے زیادہ ایک کاروباری دن تک تجدیدکرانے کیلئے نہیں جاتے۔

پناہ کےادارہ کی طرف سے آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال روک دینے کی صورت میں آپ کو اسے پھر سے جاری کرانے کی درخواست کرنے کا حق ہے ۔ آپ کو پناہ کے ادارہ میں جانا ہو گا اور وضاحت کرنی ہو گی کہ کن وجوحات کیوجہ سے ادارے کو ایسا تصور نہیں کرنا چاہیے تھا کہ آپ کو اپنی درخواست میں کوئی دلچسپی نہیں ۔ ادارہ اس کے متعلق فیصلہ کرے گا ۔اگر ادارہ آپ کی درخواست کو مسترد کر دیتا ہے تو آپ کو اپیل کرنے کا حق ہے۔

بین الاقوامی تحفظ کی درخواستوں کی جانچ پڑتال کا طریقہ کار

- ادارہ کی طرف سے مقرر کیے جانے والے دن پر آپ پناہ کے ادارہ کے ملازم کو انٹرویو دیں گے۔ آپ کو اسکے ہر سوال کا جواب مکمل دیانت داری سے دینا ہو گا، صرف حقیقی واقعات کو پوری تفصیل سے بیان کریں گے اور اپنی درخواست کے متعلق کسی بات کو مت چھپا ئیں ۔ اگر آپ نے جھوٹے ثبوت یا حوالا جات دئیے تو آپ کی درخواست کے فیصلے پر منفی اثر پڑ ے گا۔

- پناہ کے ادارہ کا ملازم انٹرویو کے دوران آپ سے کچھ سوالات ان کوائف کے متعلق کرے گا جن کا ذکر آپ نے اپنی درخواست میں کیا تھا ، آپ کی شناخت کے کوائف کے متعلق ، آپ یونان میں کیسے آئے، آپ نے اپنا آبائی ملک یا ، اگر آپ بغیر شہریت کے فرد ہیں تو اپنی آخری رہائش کا ملک کن وجوہات کی بناء پر چھوڑا اور کن وجوہات کے لیے اس میں واپس نہیں جا سکتے یا جانا نہیں چاہتے ۔انٹرویو کے دوران جن اضافی باتوں کو آپ ضروری سمجھیں انہیں شامل کر سکتے ہیں ۔
- اگر زبان کی وجہ سے پناہ کے ادارہ کے ملازم کے ساتھ بات چیت نہیں کر سکتے تو انٹرویو میں وہاں ترجمان بھی موجوو ہو گا ۔
- انٹرویو میں آپ وکیل یا کسی صلاح کار (ماہر قانون ، ڈاکٹر ، ماہرِ نفسیات یا سماجی کارکن)کے ساتھ بھی جا سکتے ہیں۔
- جو باتیں آپ انٹرویو میں کہیں گے انہیں راز میں رکھا جائے گا ۔
- ہو سکتا ہے کہ انٹرویو کو ریکارڈ کیا جا رہا ہو ۔اگر انٹرویو ریکارڈ نہ کیا گیا تو ملازم ایک متن تیار کرے گا(عمل) جس میں انٹرویو کے سارے سوالات اور جوابات شامل ہوں گے۔ اس صورت میں آپ کو ترجمان کی مدد سے عملا" لکھی تحریر کا جائزہ لینا ہو گا اور آپ کو اس میں لکھے کوائف کی تصدیق کرنی ہو گی یا آپ درستگییوں کیلئے کہہ سکتے ہیں اور آپ کو اس پر دستخط کرنے ہوں گے ۔ آپ جب چاہیں انٹرویو کی تحریر یا متن اور ریکارڈنگ کی نقل لے سکتے ہیں۔
- انٹرویو کے بعد پناہ کا ادارہ آپ کو پناہ گزین یا ضمنی تحفظ کے حقدار کا درجہ دینے کا فیصلہ کرے گا یا آپ کی درخواست کو رد کر دے گا۔
- جب آپ کی درخواست کا فیصلہ جاری ہو گا تو پناہ کا ادارہ آپ کو وصولی کیلئے اطلاع دے گا ۔ آپ کو اطلاع آپ کے دیے گے رابطے کے کوائف کے مطابق ٹیلی فون، خط یا ٹیل یگراف ، fax، یا e-mail کے ذریعے دی جائے گی۔
- پناہ کے ادارہ کو چاہیے کہ وہ فیصلہ آپ کی سمجھ میں آنے والی زبان کے ترجمان کی مدد سے آپ کے حوالےکرے ۔

بین الاقوامی تحفظ کی درخواست گزاروں کے فرائض

یونا ن میں بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہونے کے ناتے آپ پر فرض ہے :

- کہ اپنی درخواست کی جانچ پڑتال ختم ہونے تک آپ یونان میں ہی رہیں۔
- کہ اپنی درخواست اور شناختی کوائف کی تصدیق کے متعلق ہر مسئلے کے لیے یونانی حکام کے ساتھ تعاون کریں۔
- کہ پناہ کے ادارہ میں کارڈ ختم ہونے سے پہلے یا زیادہ سے زیادہ ختم ہونے کے بعد ایک کاروباری دن تک کارڈ رتجدید کرانے خود جائیں ۔
- کہ پناہ کے ادارہ کو اپنی رہائش کے پتے اور رابطے کے کوائف کی اور ان کے متعلق ہر تبدیلی کی فوراً اطلاع دیں۔ پناہ کا ادارہ آپ کےبتائے ہوئے پتے پر آپ کی درخواست سے تعلق رکھنے والے کاغذات بھیجا کرے گا۔
- کہ اپنی درخواست کی جانچ پڑتال کی کاروائی کے مختلف مراحل کی مقرر کردہ مہلتوں کی پاسداری کریں۔
- کہ حکومت کی طرف سے وظائف وصول کرنے کی صورت میں آپ اپنی اصل مالی حالت ظاہر کریں۔
- کہ مہمانی مرکز یا کسی اور جگہ میں قیام کی صورت میں اپنے آپ پر لاگو ہونے والےفرائض کی تابعداری کریں ۔

بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزاروں کے حقوق

یونان میں بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کے طور پر:

- آپ کی درخواست کی جانچ ختم ہونے تک آپ کو ملک بدر کرنا منع ہے۔
- آپ ملک میں آزادی سے گھوم پھر سکتے ہیں سوائے اس کہ آپ کو جو کارڈ ملا ہے اس میں ملک کے کسی مخصوص حصے میں گھومنے پھرنے کی اجازت نہیں ہے۔
- اگر آپ کے پاس رہائش کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے تو آپ مہمانی مرکز یا کسی اور جگہ میں رہائش کیلئے کہہ سکتے ہیں۔
- آپ کو یونانی قانون کی قائم کردہ شرائط کے تحت کام کرنے کا حق ہے۔
- ایک ملازم کے طور پر آپ کے وہی بیمہ حقوق اور فرائض ہیں جو یونانی شہری کے ہیں۔
- اگر آپ کا بیمہ نہیں اور آپ مفلس ہیں آپ کو ادویات اور ہسپتال میں علاج معالجے کی سہولت مفت میں دستیاب ہے ۔
- آپ کے بچوں کو۔اور آپ کو بھی اگر آپ نابالغ ہیں۔ مفت سرکاری تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل ہے ۔
- آپ کو پیشہ ورانہ تربیت تک رسائی حاصل ہے۔
- اگر آپ 67 فیصد اور اس سے زیادہ معذور شخص ہیں تو آپ کو معذوری کا وظیفہ لینے کا حق ہے ،جبکہ کسی مہمانی مرکز میں آپ کا رہنا ممکن نہیں۔
- یونان میں بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کے طور پر آپ یونان سے باہر سفر **نہیں** کر سکتے۔
- یونان میں بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کے طور پر آپ اپنے آبائی ملک سے اپنےخاندان والوں کو یونان میں **نہیں** لا سکتے۔

اپیل کرنے کاحق اور دوسرے درجے پرجانچ پڑتال

- اگر آپ کی درخواست مسترد ہو گئی ہے یا آپ کو ضمنی تحفظ کا درجہ دیا گیا ہے اور آپ کو لگتا ہے کہ آپ پناہ گزین کے درجے کے حقدار ہیں تو آپ کو پناہ گزین اتھارٹی میں اپیل کرنے کا حق ہے ۔ آپ کو اپنی اپیل فیصلے پر درج مہلت کے اندر اس پناہ کے علاقائی دفتر یا پناہ کے علاقائی دفاتر کے یونٹ میں جمع کرانی ہو گی جس نے فیصلہ آپ کے حوالے کیا تھا ۔
- یہ مہلت فیصلہ وصول کرنے کے اگلے دن شروع ہوتی ہے۔ اگر کسی وجہ سے فیصلہ آپ کے حوالے نہ کیا گیا تو اپیل جمع کرانے کی مہلت کی صورت حال کے مطابق کارڈ ختم ہونے یا فیصلہ تیار ہونے کے بعد 60 دن کی ہے۔
- آپ کی اپیل کی جانچ پڑتال پناہ گزین اتھارٹی کی ایک کمیٹی کرے گی۔ پناہ گزین اتھارٹی کی کمیٹی اپیل کی عام طور پر جانچ پڑتال فائل میں موجود کوائف کو مد نظر رکھتے ہوئے کرتی ہے اور انٹرویو کے لیے نہیں بلاتی۔ لیکن آپ کو آپ کی اپیل کی جانچ پڑتال کی تاریخ کے بارے میں مطلع کیا جائے گا کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو تب تک آپ مزید کوائف جمع کرا سکتے ہیں تاکہ پناہ گزین اتھارٹی کی کمیٹی انہیں مدنظر رکھ سکے۔
- جب آپ کی اپیل کی جانچ پڑتال زیرِ غور ہو اس دوران آپ اس سے استعفی دے سکتے ہیں۔ آپ کو خود اس پناہ کے علاقائی دفتر میں آنا پڑے گا جس میں آپ نے اپنی اپیل جمع کرائی تھی اور تحریری استعفعی دینا پڑے گا۔ اگر آپ اپنی اپیل سے استعفی دے دیتے ہیں تو اس کی جانچ پڑتال نہیں کی جائے گی اور اگر آپ کے پاس کوئی اور رہائش نامہ نہ ہوا تو آپ کو ملک چھوڑنا پڑے گا۔

- پناہ کا ادارہ یہ تصور کر سکتا ہے کہ آپ اپنی درخواست کی جانچ پڑتال جاری رکھنے میں دلچسپی نہیں رکھتے (درخواست کی خاموش واپسی) اور آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال روک دے گا:
 أ) اگر آپ اپنی درخواست کے متعلق حکام کی طرف سے مانگی جانے والی ضروری معلومات دینے سے انکار کر دیتے ہیں،یا ۔
 ب) اگر آپ حراست کی جگہ سے بھاگ جاتے ہیں،یا
 ت) اگر آپ حراست کے بدلے پولیس کی طرف سے عائد کیے جانے والے فرائض کی پاسداری نہیں کرتے،یا
 ث) اگر آپ حکام کی طرف سے اپنے لئے مقرر کردہ رہائش ان کو بتائے بغیر چھوڑدیتے ہیں ،یا ۔
 ج) اگر آپ پناہ کے ادارہ سے اجازت لیے بغیر ملک سے چلے جاتے ہیں،یا
 ح) اگر آپ اپنے پتے اور رابطے کے کوائف کی تبدیلی کے بارے میں پناہ کے ادارہ کو فوراً اطلاع نہیں کرتے ،یا ۔
 خ) آپ سے کہا جائے اور آپ پناہ کے ادارہ سے رابطہ نہیں کرتے ،یا ۔
 د) اگر آپ اپنے کارڈ کی میعادختم ہونے کے بعد زیادہ سے زیادہ ایک کاروباری دن تک تجدیدکرانے کیلئے نہیں جاتے ۔
- پناہ گزین اتھارٹی کی کمیٹی کی طرف سے آپ کو انٹرویو میں بلانے کا فیصلہ کرنے کی صورت میں آپ کو انٹرویو کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) کاروباری دن پہلے اطلاع دی جائے گی۔ آپ کو انٹرویو کے لیے وکیل یا کسی اور صلاح کار کے ساتھ جانے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ پناہ گزین اتھارٹی کی کمیٹی میں نہیں بھی جاتے تو وہ آپ کی اپیل کی جانچ پڑتال معمول کے مطابق کرے گی۔
- پناہ گزین اتھارٹی کی کمیٹی آپ کو پناہ گزین یا ضمنی تحفظ کے حقدار کا درجہ دینے کا فیصلہ کرے گی یا آپ کی اپیل کو رد کر دے گی۔
- پناہ گزین اتھارٹی کمیٹی کا فیصلہ حاصل کرنے کا وہی طریقہ کار ہے جو پناہ کے ادارہ سے فیصلے کو حاصل کرنے کے لیے ہے۔
- اگر آپ کی اپیل نا منظور ہو جاتی ہے یا آپ کو ضمنی تحفظ کے حقدار کا درجہ دیا جاتا ہے اور آپ کو یہ لگتا ہے کہ آپ پناہ گزین کے درجے کے حقدار ہیں تو آپ مجاز عدالت میں منسوخی کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ منسوخی کی درخواست خود کار التوا نہیں ہے، یعنی کہ آپ کو ملک سے دور کرنے کا عمل ممکن ہے۔

بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزاروں کی حراست

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ :

- بین الاقوامی تحفظ کا درخواست گزار صرف اس لیے ہی حراست میں نہیں ہے کہ وہ ملک میں غیر قانونی طریقے سے داخل ہوا اور رہ رہا ہے۔
- اگر آپ کسی جرم کی بنا پر زیر حراست ہیں اور اس کے دوران آپ نے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی تو آپ زیر حراست ہی رہیں گے۔
- اگر آپ نے حراست کے دوران بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی ہے کیونکہ آپ غیر قانونی طریقے سے ملک میں داخل ہوئے ہیں یا آپ کی ملک بدری زیر غور ہے ، اگر پولیس یہ سمجھتی ہے کہ آپ کی صورت حال میں دیگر اقدامات نافذ نہیں ہو سکتے تو آپ کوحراست میں رہنا پڑے گا :

أ. تاکہ آپ کی شناخت یا نسب کے کوائف کی تصدیق ہو سکے ، یا
ب. تا کہ ان کوائف کی نشاندہی ہو سکے جن پر بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی بنیاد ہے

اور جن کا حصول کسی اور صورت میں ناممکن ہے، خاص طور پر اگر فرار ہونے کا خطرہ ہو،

ت. جب یہ ثابت ہوتا ہو کہ درخواست گزار کے پاس بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی معقول وجوہات موجود ہیں تاکہ محض واپسی کے فیصلےپر عملدر آمدمیں تاخیر ہو سکے یا اسے روکا جا سکے

ث. اگر قومی سلامتی یا امن و امان کیلئے خطرہ کی تجویز ہو ،

ج. جب یورپی اتحاد کے قانون نمبر 604/2013 کے تحت فرار ہونے کاسنگین خطرہ ہو اور تاکہ منتقلی کے عمل کی تکمیل کو مندرجہ بالا قانون کے مطابق یقینی بنایا جا سکے .

- یونانی پولیس آپ کی حراست کا فیصلہ کر سکتی ہے باوجود اسکے کہ آپ حراست میں نہیں ، اگر وہ سمجھے کہ قومی سلامتی اور امن و امان کو قائم رکھنے کے لیے گرفتاری کے علاوہ دیگر اقدامات نافذ العمل نہیں ہیں .
- آپ کی حراست کی وجوہات کے مطابق آپ کی حراست کی مدت 45 دن سے لے کر 18 ماہ تک ہو سکتی ہے۔
- آپ کی حراست کا فیصلہ پولیس کا سربراہ کرتا ہے اور اسے اپنے فیصلے میں آپ کی حراست کی وجہ تفصیل سے ضرور بتانی چاہیے .
- آپ کو حراست کے فیصلے کے خلاف اپنے حراست والے ضلعی انتظامی عدالت کے صدر یا مجاز مجسٹریٹ کے سامنے اعتراض پیش کرنے کا حق حاصل ہے۔
- اگر آپ حراست میں ہیں یا استقبالیہ اور شناختی مرکز میں رہ رہے ہیں اور اگر آپ کی درخواست زیر سماعت ہے تو جس دن آپ کو آزاد کیا جائے اس دن آپ کو کارڈ ضرور دیا جانا چاہیے . آپ کوہر حالت میں 10 دن کے اندر پناہ کےعلاقائی دفتر میں جانا ہو گا تاکہ آپ رابطے کے کوائف درج کروا سکیں اور آپ کو پہلے نہ ملنے کی صورت میں کارڈ جاری کیا جائے .

بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کرنے کے لیے نئے اہم کوائف

- آپ کی اپیل کے نا منظور ہونے کے بعد یا آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست نا منظور ہونےکے بعد اور اپیل جمع کرانے کی مہلت گزر جانے کے بعد **اگر نئے اہم کوائف واقع** ہوتے ہیں تو آپ نئی (دوسری دفعہ) درخواست کر سکتے ہیں۔
- دوسری دفعہ درخواست آپ کو پناہ کے کسی علاقائی دفتر میں یا پناہ کے علاقائی دفاتر کے یونٹ میں جمع کرانی ہو گی۔ آپ کے پاس آپ کی پہلی درخواست کو مسترد کرنے والا فیصلہ ہونا چاہیے اور آپ کو نئے واقع ہونے والے اہم کوائف تحریری جمع کرانے ہوں گے۔ دوسری دفعہ درخواست جمع کرنے کے بعد آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کا کارڈ جاری **نہیں** کیا جائے گا۔
- پناہ کا ادارہ نئے جمع کرائے جانے والے کوائف کی جانچ پڑتال کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ اگر وہ بین الاقو امی تحفظ کی درخواست کے لیے اہم ہیں۔
- اگر ادارہ آپ کی دوسری دفعہ کی درخواست کو رد کر دیتا ہے تو آپ پندرہ دنوں کی مہلت کے اندر پناہ گزین اتھارٹی میں اپیل کر سکتے ہیں۔ یہ مہلت فیصلہ ملنے کے اگلے دن شروع ہوتی ہے۔
- صرف اگر آپ کی دوسری دفعہ کی درخواست قبول کر لی جاتی ہے تو آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کا کارڈ دیا جائے گا اور پناہ کے ادارےکی طرف سے آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال جاری رہے گی۔

آپ کو مطلع کیا جاتا کہ پناہ کے ادارہ کی حدود میں یہ چیزیں لانا ممنوع ہیں: بندوق، تیز دھار والی یا اور دیگر ایسی اشیا جو زخمی کرنے کیلئے استعمال ہو سکتی ہیں، دھماکہ خیز اور آتش گیر مواد ، کیمیائی اور زہریلے مادے۔

کاغذات کے بستے یا چھوٹے دستی بیگ کے علاوہ جن لوگوں کے ہاتھ میں سامان اور سوٹ کیس ہوں گے ان لوگوں کا داخلہ ممنوع ہو گا۔

موبائل فون کا استعمال صرف پناہ کے ادارہ کی بیرونی جگہوں تک محدود ہو گا اور پناہ کے ادارہ کی جگہوں کے اندر اور باہر کوئی بھی تصویر یا ویڈیو بنانا منع ہے۔